## سوال

(234) ذبح سے قبل جانور کو الیکٹرک شاک لگا سکتے ہیں ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کارڈف سے محمد حسین سوال کرتے ہیں

بعض لوگ ذبح کرنے سے پہلے جانور کو جو الیکٹرک شاک لگاتے ہیں اسکو جائز کہتے ہیں آپ کی کیا رائے ہے کہ اس حالت میں جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جہاں تک الیکٹرک شاک کے بعد ذبح کرنے کا تعلق ہے تو الیکٹرک لگانے کے بعد اگر جانور زندہ رہتا ہے پھر تو ہم اسے حرام قرار نہیں دے سکتے۔ کیونکہ زندہ جانور ہی ذبح کیا گیا ہے لہٰذا یہ جانور حلال ہوگا۔ بشرطیکہ ذبح کرنے کی باقی شرطیں پوری کی گئی ہوں۔ تاہم اگر الیکٹرک شاک کے بغیر ذبح کئے ہوئے جانور کا گوشت مل جائے تو پھر اسے ترجیح دینی چاہئے کیونکہ جہاں شک یا اختلاف والی بات ہو وہاں احتیاط کرنا بہر حال بہتر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

# ص507

محدث فتویٰ